ریزیسٹنس فرنٹ (TRF) کو امریکا کے محکمہ خارجہ نے دہشت گرد تنظیم قرار دیا (جولائی 18، 2025)

جولائی 18، 2025

حکومت ہند امریکا کے محکمہ خارجہ کے اس فیصلے کا خیرمقدم کرتی ہے جس کے تحت دی ریزسٹنس فرنٹ (TRF) کو غیر ملکی دہشت گرد تنظیم (FTO) اور خصوصی عالمی دہشت گرد (SDGT) قرار دیا گیا ہے. ہم اس کے تعلق سے وزیر خارجہ جناب مارکو روبیو کی قیادت کے فیصلے کو تسلیم کرتے ہیں، اور اس کی ستائش کرتے ہیں.

2. ٹی آر ایف، جو پاکستان میں قائم دہشت گرد تنظیم لشکرِ طیبہ (LeT) کا ایک فرنٹ ہے، متعدد دہشت گرد سرگرمیوں میں ملوث رہی ہے، جن میں جموں و کشمیر کے پہلگام میں مورخہ 22 اپریل، 2025 کو شہریوں پر کیا گیا ہولناک حملہ بھی شامل ہے، جس کی اس تنظیم نے دو دفعہ ذمہ داری قبول لی ہے.

3. بھارت نے مسلسل دہشت گردی کے خلاف جدوجہد اور دہشت گردی کے ڈھانچے کو ختم کرنے کے لیے عالمی تعاون کی ضرورت پر زور دیا ہے. ٹی آر ایف کو دہشت گرد تنظیم قرار دینا ایک بروقت اور اہم قدم ہے جو بھارت اور امریکا کے درمیان انسدادِ دہشت گردی کے میدان میں گہرے تعاون کا مظہر ہے.

4. بھارت دہشت گردی کے خلاف صفر برداشت کی پالیسی پر قائم ہے اور اپنے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھے گا تاکہ دہشت گرد تنظیموں اور ان کے فرنٹس کو انصاف کے کٹہرے میں کھڑا کیا جا سکے.

نئی دہلی
جولائی 18، 2025